© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

ماہ رمضان المبارک سے قبل اور بعد ہمارے بہت سے کرم فرما، مہربان اور علماء آخرت کو سدھار گئے اللہ تعالیٰ ان سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطاء فرمائے (آمین) مجلس احرار اسلام کے امیر ابن امیر شریعت حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم، ناظم اعلیٰ حضرت مولانا محمد اسحٰق سلیمی مدظلہ، ناظم نشر و اشاعت عبداللطیف خالد چیمہ صاحب، مدیر نقیب ختم نبوت سید محمد کفیل بخاری اور ادارہ کے تمام ارکان اپنے احباب اور علماء کے انتقال پر تمام مرحومین کیلئے دعاء مغفرت کرتے ہیں؛ پسماندگان کیلئے اظہار ہمدردی و تسلی اور تعزیت کرتے ہیں اور ان کے غم میں شریک ہیں قارئین سے درخواست ہے کہ وہ بھی ایصالِ ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

## حضرت مولانا سید سلمان احمد عباسی رحمہ اللہ:

۱۲، رمضان المبارک ۱۴۲۱ھ ۹، دسمبر ۲۰۰۰ء، بروز ہفتہ حضرت مولانا خیر محمد جالندھری قدس سرہ، کے قابلِ فخر تلامذہ میں سے تھے جید عالم دین، محقق، باعمل انسان، درویش خدامست اور قادر الکلام شاعر تھے ٹوبہ ٹیک سنگھ میں جامع مسجد کے خطیب و امام تھے تمام عمر دین اسلام کی خدمت میں نہایت استقامت کے ساتھ بتادی ۔ حضرت مولانا یوسف لدھیانوی شہید اور حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ کے ہم درس تھے۔

## مولانا محمد ضیاء القاسمی رحمہ اللہ:

ممتاز عالم دین اور صاحب طرز خطیب عملی زندگی کے آغاز میں مجلس احرار اسلام کی وردی سرخ قمیص زیب تن کی اور فیصل آباد میں احرار کانفرنس میں بطور سامع کے شریک ہوئے۔ جانشین امیر شریعت حضرت سید ابو معاویہ ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے مجلس خدام صحابہ کی بنیاد رکھی تو چند روز آپ کی مجلس میں شریک ہو کر کسبِ فیض کیا۔ مجلس تحفظ ختم نبوت میں حضرت مولانا محمد علی جالندھری رحمۃ اللہ علیہ کی صلاحیتوں سے استفادہ کیا۔ پھر حضرت سید نورالحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی قیادت میں تنظیم اہل سنت میں شامل ہو گئے۔ جمعیت علماء اسلام میں شامل ہوئے تو حضرت مولانا مفتی محمود رحمہ اللہ کے رفیق خاص تھے۔ حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی رحمہ اللہ جمعیت سے الگ ہوئے تو ان کا ساتھ دیا۔ اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن رہے۔ مولانا حقنواز جھنگوی شہید نے سپاہِ صحابہ بنائی تو ان کے ہمسفر ہو گئے۔ آجکل سپاہِ صحابہ پاکستان کی سپریم کونسل کے چیئرمین تھے پاکستان میں اہل سنت کے حقوق کے تحفظ کیلئے ان کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ ان کے چھوٹے بھائی حضرت مولانا قاری عبدالحئی عابد مدظلہ بھی ایک طویل عرصہ مجلس احرار اسلام سے وابستہ رہے امیر احرار حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری نے محترم قاری صاحب اور مولانا قاسمی مرحوم کے فرزندوں اور تمام پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کیا ہے۔

## پروفیسر محمد عابد صدیق رحمہ اللہ:

۱۰، رمضان المبارک ۱۴۲۱ھ ۷، دسمبر بروز جمعرات محسن احرار ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



المحسن بخاری رحمہ اللہ کے مخلص اور پیارے دوست، صاحب طرز ادیب، قادر الکلام شاعر، عربی، فارسی، اردو، ہندی، پنجابی پر عبور عربی کے علاوہ باقی زبانوں میں مضبوط شعر کہتے۔ اسم باسمیٰ عابد وزاہد اور ایک سچا کھرا انسان پابند صوم وصلوٰۃ، شب زندہ دار، افطار کے بعد نماز مغرب ادا کی اہل وعیال سے تبادلۂ خیالات کے بعد نماز عشاء کیلئے وضو بنایا اور کلمہ پڑھتے ہوئے بارگاہِ حی وقیوم میں حاضر ہو گئے۔ بہاولپور میں قیام تھا اور وہیں اسودۂ خاک ہو گئے۔ نہایت ملنسار، بااخلاق، محبت وخلق کا پیکر انسان حق مغفرت کرے عجب انسان تھا۔

**حاجی عبدالستار خان مرحوم، گنڈہ پور:** ۶، رمضان المبارک ۱۴۲۱ھ ۳، دسمبر ۲۰۰۰ء بروز اتوار مجلس احرار اسلام کلاچی ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان کے صدر محترم عبدالعزیز خان صاحب کے بھائی انتقال کر گئے۔

**محترم عبدالمجید صاحب مرحوم:** ۱۴ رمضان المبارک ۱۴۲۱ھ ۱۱، دسمبر بروز پیر، ہمارے کرم فرما اور رفیق فکر محترم پروفیسر محمد عباسی بجی اور محترم پروفیسر محمد عاصم کے چچا رحلت فرما گئے۔

**لالہ غلام حیدر مرحوم:**

حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ کے آبائی گاؤں ناگڑیاں ضلع گجرات کے رہائشی تھے اسی گھر میں قرآن کریم پڑھا حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ اور ان کے ہم سن خاندان کے تمام افراد انہیں "لالہ" کے نام سے یاد کرتے وہ حقیقتاً بھائی بن کر زندگی گزار گئے۔ شرم حیاء اور محبت وخلوص کی عظیم الشان صفات سے متصف تھے۔ اپنے کردار وعمل اور خلق وتعلق سے وہ اس خاندان کے ایک فرد بن گئے تھے۔ شریعت کے پابند اور صالح انسان تھے۔

**جام لیاقت علی منڈھیر مرحوم:** ۱۶- رمضان ۱۴۲۱ھ ۱۳ دسمبر ۲۰۰۰ بروز بدھ مجلس احرارِ اسلام ماہڑہ ضلع مظفر گڑھ کے معاون محترم جام مختیار احمد منڈھیر کے قریبی عزیز تھے۔

مجلس احرار اسلام کمالیہ کے اراکین محترم احمد یار، محترم اللہ بخش برادران کی بڑی ہمشیر اور ہمارے کرم فرما محترم عبدالکریم قمر صاحب کے چچی مرحومہ۔

مجلس احرار اسلام بورے والہ کے رکن محترم محمد نوید صاحب کے دادا مرحوم ۱۷ رمضان ۱۴۲۱ھ ۱۴ دسمبر ۲۰۰۰ بروز جمعرات رحلت فرما گئے۔

**والدہ مرحومہ حافظ محمد اشرف صاحب:** مجلس احرار اسلام ضلع رحیم یار خان کے رہنما اور مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن جناب حافظ محمد اشرف صاحب کی والدہ ماجدہ یکم جنوری ۲۰۰۱ء کو انتقال کر گئیں۔

**اہلیہ حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستی رحمہ اللہ:**

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستی رحمہ اللہ کی اہلیہ اور مولانا فضل الرحمن درخواستی کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

## دعاء صحت

مجلس احرار اسلام کمالیہ کے مخلص کارکن محترم محمد طاہر صاحب گزشتہ دنوں شدید علیل ہو گئے احباب ان کیلئے دعاء فرمائیں اللہ تعالیٰ انہیں جلد صحت کاملہ عطاء فرمائے (آمین)

© rasailojaraid.com